# الیکشن کمیشن آف پاکستان

## Media Coordination and Outreach Wing

### پریس ریلیز

مورخہ 14 مارچ 2023 اسلام آباد

الیکشن کمیشن نے مختلف عوامی درخواستوں کو مد نظر رکھتے ہوئے اور تمام خواہشمند امیدواروں کی سہولت کے لئے کاغذات نامزدگی جمع کرانے کی تاریخ میں 2 دن کا اضافہ کر دیا ہے۔ اس تاریخ میں اضافہ کا اطلاق مخصوص نشستوں پر بھی ہو گا۔ اب کاغذات نامزدگی جمع کرانے کی آخری تاریخ 16 مارچ (دفتری اوقات کار) ہے۔ لہذا تمام سیاسی پارٹیاں مخصوص نشستوں پر Priority lists مورخہ 16 مارچ 2023 تک صوبائی الیکشن کمشنر پنجاب (ریٹرننگ آفیسر) کے پاس جمع کروانے کی پابند ہیں۔ اسکے علاوہ الیکشن کا تمام شیڈول الیکشن کمیشن کے نوٹیفکیشن مورخہ 8 مارچ 2023 کے مطابق برقرار ہے اور پولنگ 30 اپریل 2023 کو ہو گی۔